**25.07.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ **CJP** نے احتجاج ختم کردیا ہے کیونکہ نئی دلّی میں مرکزی وزراء جے پی نڈّا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ مذاکرات کے بعد اُن کے مطالبات کو حکومت نے منظور کرلیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کَل آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے **Moldova**، شمالی مقدونیہ اور رومانیہ کا تین ملکوں کا اپنا دورہ مکمل کرلیا ہے۔

☆ اترپردیش میں **Sarnath** کے قدیم بودھ مذہبی مقام کو **UNESCO** کی عالمی ثقافتی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت نے ہرارے میں دوسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں میزبان زمبابوے کو **90** رن سے شکست دی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Pradhan Resignation***

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ وزیر اعظم نریندر مودی کو سونپا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پردھان نے کہا کہ طلبا کے احتجاج کے بعد گزشتہ دس دن سے جاری صورتحال سے انھیں دکھ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کیلئے یہ اَنا کا معاملہ نہیں تھا۔ انھوں نے کہا کہ انہوں نے نئی دلّی جنتر منتر اور پورے ملک کی صورتحال کو مدِ نظر رکھا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی خدمت، اُن کی زندگی کی اولین ترجیح رہی ہے اور وہ ہمیشہ اس پر عہد بستہ رہیں گے۔ جناب پردھان نے کہا کہ 16جولائی کو اعلان کیے گئے **NEET-UG** نتائج اطمینان بخش تھے۔ ان میں کمزور طبقوں سے وابستہ کئی طلباء نے امتیازی کامیابی حاصل کی۔

جناب پردھان نے کہا کہ البتہ ایسے وقت میں بھی ذمہ دار عہدوں پر فائز افراد نے رکاوٹیں پیدا کرنے کی کوشش کی اور طلباء کو گمراہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان باتوں سے انھیں گہری تکلیف پہنچی ہے۔ **x**

**Joshi EDU Minister**

دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کے بعد، مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نئے وزیر تعلیم ہوں گے۔ جناب جوشی کو، اُن کے موجود قلمدان کے ساتھ ساتھ، وزارتِ تعلیم کا چارج سونپا گیا ہے۔ جناب جوشی اِس وقت صارفین امور، خوراک اور عوامی نظامِ تقسیم نیز نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے وزراء کی مرکزی کونسل سے دھرمیندر پردھان کا استعفیٰ منظور کرلیا ہے جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔x

**with Add Govt CJP Talks**

CJP نے، حکومت کے ذریعے اپنے مطالبات پورے کئے جانے کے بعد، اپنا احتجاج ختم کردیا۔ مرکزی وزراء جے پی نڈّا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج CJP کے وفد کے ساتھ تیسرے دور کی بات چیت کی، جس میں امتحان کے نظام میں اصلاحات اور پیپر لیک کو روکنے کے اقدامات کیلئے اس کے مطالبات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ بعد میں نئی دلّی میں CJP کے وفد کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں جناب نڈّا نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، حکومت نے CJP کے اِن مطالبات سے اتفاق کیا ہے کہ احتجاج کرنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی اور نہ ہی اُن کے خلاف کوئی FIR درج کی جانی چاہیئے۔

**S/B 2045 J P Nadda**

CJP کے چیف ترجمان Saurav Das نے اِس امید کا اظہار کرتے ہوئے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کیا کہ جن امور پر اتفاق ہوا ہے، اُن پر متفقہ وقت کی مدت میں عملدرآمد کیا جائے گا۔

NEET-UG پیپر لیک کے بعد خودکشی کرنے والوں کے کنبوں کو معاوضے دینے کے معاملے پر جناب نڈّا نے کہا کہ اِس ضمن میں حکومت کو پوری ہمدردی ہے اور وہ اصول و ضوابط کے مطابق زیادہ سے زیادہ معاوضہ فراہم کرنے کو یقینی بنائے گی۔

**S/B 2045 JP Nadda Compensation**

اسی دوران، CJP کے قومی ترجمان آشوتوش Ranka نے تمام احتجاج کرنے والوں سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر احتجاج ختم کریں اور پُر امن طریقے سے اپنے گھروں کو واپس لوٹ جائیں۔

**S/B 2045 Ashutosh Ranka**

**Gandhi Pradhan**

لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر اور کانگریس کے رُکن پارلیمان راہل گاندھی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ملک کے تعلیمی نظام میں اصلاحات کیلئے ٹھوس اقدامات کرے۔

آج شام نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کو، طالب علموں کی جیت قرار دیا۔x

## DMRC Service Resume

دلّی میٹرو نیٹ ورک کے تمام اسٹیشن، اب مسافروں کی خدمات کیلئے کُھل گئے ہیں۔ اِس سے قبل، دلّی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC نے سکیورٹی وجوہات کے باعث 18 میٹرو اسٹیشنوں کو بند کردیا تھا۔x

## Assam Flood

آسام میں سیلاب کی صورتحال بدستور سنگین بنی ہوئی ہے اور تقریباً ایک لاکھ 15 ہزار لوگوں نے امدادی کیمپوں میں پناہ لی ہوئی ہے۔ Charaideo،Sivasagar اور جورہاٹ، سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ سیلاب سے مزید 14 لوگوں کی اموات کی خبر ہے، جس سے ریاست میں ہلاک ہونے والوں کی کُل تعداد 61 ہوگئی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آسام میں سیلاب سے انسانی جانوں کے نقصان اور اُس سے ہونے والی تباہی پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما سے ٹیلیفون پر بات کی اور ریاست میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ x

## Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 136 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## Prez Romania

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا رومانیہ کا سرکاری دورہ مکمل ہوگیا ہے اور وہ آج تیسرے پہر نئی دلّی کیلئے روانہ ہوگئی ہیں۔ اِس سے قبل دن میں صدر جمہوریہ مرمو نے بھارتی برادری کے اراکین کے ساتھ بات چیت کی۔ بخارست میں بھارتی برادری کیلئے منعقدہ ایک استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رومانیہ میں بھارتی برادری کے تعاون کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتی ہوئی شراکت داری کے اہم ستون ہے۔

**S/B 2100 Prez on Indian Community**

اپنے دورے کے دوران، صدر جمہوریہ نے رومانیہ کے اپنے ہم منصب کے ساتھ وسیع مذاکرات کئے۔

ان کا مقصد تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، تعلیم، قابل تجدید توانائی اور ثقافت کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مستحکم کرنا تھا۔ صدر جمہوریہ مرمو نے رومانیہ کے وزیر اعظم اور پارلیمانی لیڈروں سے بھی ملاقات کی نیز

بھارت—رومانیہ کاروباری فورم سے خطاب کیا۔ انھوں نے **Unknown Solder** کے مقبرے پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اُنھیں اقتصادی مطالعات کی بخارست یونیورسٹی کے ذریعے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز اُنھیں عوامی خدمت اور بھارت—رومانیہ تعلقات میں اُن کی خدمات کے مدنظر دیا گیا ہے۔ رومانیہ، صدر جمہوریہ مرمو کے تین روزہ سرکاری دورے کا آخری مرحلہ تھا۔ تین ملکوں کے اس دورے میں **Moldova** اور شمالی مقدونیہ کا دورہ بھی شامل تھا۔**x**

## Rev. Sarnath UNESCO

اترپردیش کا قدیمی بودھ مقام سارناتھ، یونیسکو کی عالمی میراث کی فہرست میں شامل ہوگیا ہے۔ آج جنوبی کوریا کے بوسان میں عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے **48**ویں اجلاس کے دوران اِسے باضابطہ شامل کیا گیا۔ عالمی میراث کی اِس سرکردہ فہرست میں بھارت کی یہ **45**ویں املاک ہے۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سارناتھ کو عالمی میراث کی فہرست میں شامل کیے جانے پر مسرت کا اظہار کیا ہے اور اِسے ہر بھارتی کیلئے فخر کا ایک لمحہ قرار دیا ہے۔ نائب صدر نے کہا کہ سارناتھ، امن، دانشمندی اور ہمدردی کی ایک لازوال علامت رہا ہے، جس سے بھارت کے روحانی اور فلسفیانہ دائمی ورثے کی عکاسی کرتی ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اِسے فہرست میں شامل کیا جانا، ملک کی تہذیبی اور روحانی وراثت کا جشن ہے۔ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے اِسے بھارتی ثقافتی وراثت کیلئے ایک اہم لمحہ قرار دیا ہے۔ **x**

## Puri Jagannath

اڈیشہ کے پوتر شہر **Puri** کے گرانڈ روڈ پر بھگوان جگناتھ، بھگوان بلبھدر اور دیوی سبھدرا **Suna Besha** یعنی سونے سے تیار ملبوسات کے ساتھ رتھ پر سوار دیکھے جاسکتے ہیں۔ روایتی خوبصورت زیورات سے آراستہ اِن دیوی دیوتاؤں کے درشن کیلئے پورے ملک اور بیرونِ ملک سے بڑی تعداد میں عقیدتمند موجود ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے .........

**VC Prakash Das**

بھگوان جگناتھ، بھگوان بلبھدر اور دیوی سبھدرا، آج **Suna Besha** میں نہایت شان و شوکت کے ساتھ رتھ پر سوار ہیں، جو خوبصورت تاج، ہار، بازو بند، بالیاں اور دیگر روایتی زیورات سے آراستہ ہیں اور یہ تقریباً **208** کلو گرام سونے اور دیگر قیمتی جواہرات سے تیار کیے گئے ہیں۔ یہ مقدس سنہرے لباس، جو سالانہ رتھ یاترا کی اہم ترین رسومات میں سے ایک ہے، عقیدتمندوں کے درشن کیلئے تقریباً آدھی رات تک جاری رہے گا۔ پورا شہر، عقیدت کے جذبے سے سرشار ہے۔

اِس تقریب کے پُرامن انعقاد کیلئے سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Syria Bus Accident

ملک شام کی راجدھانی دمشق کو مشرقی صوبے Deir el-Zour سے مربوط کرنے والی قومی شاہراہ پر دو بسوں کے آج آپس میں ٹکرانے کے بعد کم از کم 35افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ صحرائی شاہراہ پر شہریوں کی ایک بس اور داخلی امور کی وزارت کی ایک بس کے درمیان ٹکر میں تقریباً 30افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اِس حادثے کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہوئی ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے، IMD نے مدھیہ مہاراشٹر اور اڈیشہ میں کل انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ دو روز کے دوران چھتیس گڑھ، گجرات، کونکن اور گوا میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے اِس ماہ کی 27تاریخ تک انڈمان اور نکوبار جزائر، آندھرا پردیش، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، شمالی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## Cricket India Zim

مردوں کی کرکٹ میں ہرارے میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے میزبان زمباوے کو 90رن سے ہرا دیا۔ بھارت نے زمباوے کو 220رن کا بڑا نشانہ دیا تھا لیکن اُس کی پوری ٹیم 18ویں اوور میں محض 129رن پر آؤٹ ہوگئی۔

بھارت کے بلے باز آل راؤنڈر ابھیشک شرما نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3وکٹ حاصل کیے۔ اپنا پہلا میچ کھیل رہے یش ٹھاکر اور پرنس یادو نے دو دو وکٹ لئے۔

اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20اوور میں 5وکٹ پر 219رن بنائے تھے۔ اِس جیت کے ساتھ بھارتی ٹیم نے تین میچوں کی سیریز دو–صفر سے جیت لی ہے۔ بھارت نے ٹی ٹوئنٹی کے نئے کپتان سریش ایئر کی کپتانی میں پہلی سیریز جیتی ہے۔ x

## Squash World Junior Championships

آج کینیڈا کے Ontario میں بھارتی اسکواش کھلاڑی انہت سنگھ نے مصر کی Barb Sameh کو تین–ایک سے ہرانے کے بعد عالمی جونیئر اسکواش چمپئن شپ کے خواتین سنگلز کے فائنل میں پہنچ کر تاریخ رقم کی ہے۔ اِسی مقام پر اب اُن کا سامنا خطابی مقابلے میں مصر کی رقیّہ Salem سے ہوگا۔ اِس میچ کے بھارتی وقت کے مطابق تقریباً ساڑھے 10بجے شروع ہونے کا امکان ہے۔ انہت سنگھ، تاریخ میں محض دوسری کھلاڑی ہیں، جو Joshna Chinappa کے بعد اِس سرکردہ خطابی مقابلے میں پہنچی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆